الیکشن کمیشن آف پاکستان

(شعبہ تعلقات عامہ)

# پریس ریلیز

مورخہ 22اپریل2020

## بلدیاتی انتخابات کے حوالے سے الیکشن کمیشن کا اہم اجلاس۔

چیف الیکشن کمشنر آف پاکستان جناب سکندر سلطان راجہ کی زیر صدارت بلدیاتی الیکشن کے انعقاد کے حوالے سے آج الیکشن کمیشن کا اہم اجلاس ہوا۔الیکشن کمیشن نے اب تک الیکشن کمیشن اور صوبائی حکومتوں کی طرف سے اٹھائے گئے اقدامات کا جائزہ لیا چونکہ الیکشن ایکٹ 2017 کی رو سے بلدیاتی انتخابات 120 دن کے اندر کرانا الیکشن کمیشن کی ذمہ داری ہے بہر حال الیکشن کمیشن نے ملک میں کروناوائرس کی وباء کو مد نظر رکھتے ہوئے صوبوں میں لوکل گورنمنٹ انتخابات کے انعقاد کا جائزہ لیا۔

اجلاس کو بتایا گیا کہ پنجاب میں نئے بلدیاتی نظام کی روشنی میں الیکشن کمیشن نے حکومت پنجاب کو بارہا کہا کہ حلقہ بندیوں کے لئے نقشہ جات ودیگر ضروری دستاویزات فوری فراہم کی جائیں تاکہ پنجاب ویلج پنچائیت ونیبر ہوڈ کی حلقہ بندیوں کے کام کا آغاز کیا جاسکے مگر تاحال مطلوبہ دستاویزات ونقشہ جات کی فراہمی نہ ہوسکی اسی طرح خیبر پختونخواہ صوبہ کے بلدیاتی ایکٹ 2019 میں کئی قسم کی ترامیم کردی گئیں مگران کے تحت نہ تورولز فراہم کئے گئے اور نہ ہی حلقہ بندیوں کے لئے درکار ضروری دستاویزات جیسا کہ سٹی کونسلز کی حدود کا نوٹیفکیشن، تحصیل کی ترتیب سے ویلج اور نیبر ہوڈ کونسلز کی تعداد کا نوٹیفکیشن، حلقہ بندیوں کے رولز وغیرہ مہیا نہیں کئے گئے جس کی وجہ سے لوکل گورنمنٹ الیکشن کا بروقت انعقاد ممکن نہیں ہے۔

اسی طرح صوبہ سندھ کی مقامی حکومتوں کی معیاد اگست 2020ء میں ختم ہونے جارہی ہے تاہم الیکشن کمیشن نے حکومت سندھ کو بھی مراسلہ جاری کیا ہے جس میں کہا گیا ہے ترمیم شدہ لوکل گورنمنٹ ایکٹ 2013 ورولز کی نقول اور حلقہ بندیوں کے لئے درکار یونین کونسلز وتحصیلوں کی تعداد کا نوٹیفکیشن ودیگر دستاویزات ونقشہ جات فراہم کئے جائیں۔ابھی تک صوبائی گورنمنٹ کی طرف سے کوئی جواب موصول نہیں ہوا۔

جاری ہے صفحہ نمبر2پر

صوبہ بلوچستان میں بلدیاتی انتخابات منعقد کرانے کا معاملہ چونکہ ہائیکورٹ بلوچستان میں زیر التو ہے تواس بابت بلوچستان حکومت سے کہا گیا ہے کہ وہ بلدیاتی ایکٹ 2010 ورولز کی ترمیم شدہ کاپی فراہم کرے۔

الیکشن کمیشن نے صوبائی حکومتوں کی طرف سے سست روی کا سخت نوٹس لیتے ہوئے صوبائی حکومتوں کو حکم دیا ہے کہ وہ لوکل گورنمنٹ انتخابات کے وقت پر انعقاد کے لئے فوری مناسب اقدامات اٹھائیں اور الیکشن کمیشن کو فوری قوانین، رولز، نقشہ جات ،اور دیگر دستاویزات مہیا کریں تاکہ الیکشن کمیشن صوبوں میں انتخابات کے انعقاد کو یقینی بنا سکے۔

آج کے اجلاس میں الیکشن کمیشن کے پانچ سالہ منصوبے پر عمل درآمد کے سلسلے میں بھی الیکشن کمیشن کے تمام شعبوں کے سربراہوں نے اپنے اپنے شعبوں کی کارکردگی کے حوالے سے الیکشن کمیشن کو بریفنگ دی۔ الیکشن کمیشن نے تمام شعبہ جات کے سربراہان کو ہدایات جاری کیں کہ پانچ سالہ منصوبے میں درج اہداف کو بروقت مکمل کیا جائے تاکہ آئندہ الیکشن کا انعقاد مزید منظم اور بہتر طریقے سے کیا جا سکے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆